© rasailojaraid.com



# تعارف و تبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : انسانی دل اور قبولِ اسلام

مصنف : ڈاکٹر گوہر مشتاق

ضخامت: 52 صفحات قیمت: 30 روپے

ناشر: مکتبہ خواتین میگزین، نزد منصورہ، ملتان روڈ لاہور

ملنے کا پتہ: مکتبہ معارف اسلامی، منصورہ ملتان روڈ لاہور، فون: 042-5432419

کتاب کے مصنف ڈاکٹر گوہر مشتاق ذہین فطین اور اعلیٰ تعلیم یافتہ مسلمان ہیں۔ انہیں دین کے ساتھ گہری وابستگی ہے اور ان کے دل میں اُمت مسلمہ کا درد بھرا ہوا ہے۔

اس کتاب میں انہوں نے جدید تحقیق کی روشنی میں مستند حوالوں کے ساتھ ثابت کیا ہے کہ انسانی جسم میں صرف دماغ ہی سوچنے سمجھنے کی صلاحیت نہیں رکھتا بلکہ یہ صلاحیت دل میں بھی ہے۔ قرآن مجید بھی اسی حقیقت کو واضح کرتا ہے کہ قرآن میں ہر اس شخص کے لیے عبرت کا سبق ہے جو دل رکھتا ہے یا وہ توجہ سے سنے۔ (ق: ۳۷) اسی طرح حدیث میں بھی بتایا گیا ہے کہ انسان کے جسم میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے، اگر وہ صحیح رہے تو سارا جسم صحیح رہتا ہے اور اگر وہ بگڑ جائے تو سارا جسم بگڑ جاتا ہے، اور وہ ٹکڑا دل ہے۔

اسلام کے پیش کردہ ان حقائق کو جدید سائنس تسلیم کر کے دین اسلام کی حقانیت پر مہر تصدیق ثبت کر رہی ہے۔ مشہور ڈاکٹر آرمر (Dr. Jandrew Armour) کی تحقیق کے مطابق ''انسانی دل کے پاس اپنا چھوٹا سا دماغ ہوتا ہے جو اس قابل ہوتا ہے کہ وہ اپنی مدد آپ کے تحت مشکل قسم کے تجزیے کر سکتا ہے''۔ امریکی سائنس دان ڈاکٹر رولن میکریٹی (Dr. Rollin McCrety) اپنی تحقیق بیان کرتے ہوئے لکھتا ہے: ''حاصل کلام یہ کہ انسانی دل اس طرح کام کرتا ہے کہ اس کا ایک اپنا دماغ ہوتا ہے''۔

مصنف نے ثابت کیا ہے کہ کفر سے اسلام میں داخل ہونے والے شخص کا دماغ نہیں بلکہ دل اس تبدیلی کا فیصلہ کرتا ہے۔



© rasailojaraid.com